بیشک انبیاءعلیہم السلام ہر دور میں بھلائی اور بہتری کی سخاوت کرتے ہیں۔

الكلمات الجديدة

لفظ	معنی	لفظ	معنی

شَابٌ	جوان	رَبُّ الْبَحْرِ	سمندر کا رب
كَرِيْمٌ	بزرگ	رَبُّ الرِّزْقِ	رزق عطا کرنے والا رب
عِلْمٌ	علم، تعلیم، معلومات	رَبُّ الْمَطَرِ	بارش برسانے والا رب
عَظِيْمٌ	بڑا	ضَحِكَ، يَضْحَكُ	ہنسنا
قَلْبٌ	دل	عَلِمَ ، يَعْلَمُ	جاننا
رَحِيْمٌ	رحم کرنے والا	بَكَى، يَبْكِيْ	رونا
أَكْرَمَ، يُكْرِمُ	عزت کرنا	دَعَا، يَدْعُوْ	دعوت دینا، آمادہ کرنا
عَظَّمَ، يُعَظِّمُ	بڑا سمجھنا، بڑا درجہ دینا	أَرَادَ، يُرِيْدُ	چاہنا
فَرِحَ ، يَفْرَحُ	خوش ہونا	اِسْتَحَقَّ، يَسْتَحِقُّ	حقدار بننا، مستحق ہونا
رَجُلٌ	آدمی	مَوْعِظَةٌ	نصیحت
عَصَرَ، يَعْصِرُ	نچوڑنا	رَحْمَةٌ	رحمت
حَمَلَ، يَحْمِلُ	اٹھانا	عِبَادُ اللّٰهِ	اللہ تعالیٰ کے بندے
خُبْزٌ	روٹی	بَنِي آدَمَ	نسل آدم
طَيْرٌ ج طُيُوْرٌ	پرندہ	حُرٌّ جَرِيءٌ	مکمل آزاد خیال
تَأْوِيْلٌ	تعبیر	فَقِيْرٌ	غریب، مفلس
نَبِيٌّ	نبی، پیغمبر	جَوَّادٌ	بے حد سخی
زَمَانٌ	زمانہ	سَخِيٌّ	فراخ دست، سخی
عَبَدَ، يَعْبُدُ	عبادت کرنا	جَهَرَ، يَجْهَرُ	اعلان کرنا، بول بالا کرنا
رَبٌّ ج أَرْبَابٌ	پالنے والا، پروردگار	جَادَ، يَجُوْدُ	سخاوت کرنا
كَثِيْرٌ	زیادہ	مَكَانٌ	مقام، جگہ
رَبُّ الْبَرِّ	خشکی کا رب	خَيْرٌ	بھلائی، بہتری

١٠ ـــ حكمة يوسفؑ

حضرت یوسفؑ کی دانائی

قَالَ يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهِ:

حضرت یوسفؑ نے اپنے دل ہی دل میں کہا:

اِنَّ الْحَاجَةَ سَاقَتِ الرَّجُلَيْنِ اِلَيَّ.

کہ بیشک ضرورت ہی ان دونوں آدمیوں کو میرے پاس کھینچ لائی ہے۔

وَ اِنَّ صَاحِبَ الْحَاجَةِ يَلِيْنُ وَ يَخْضَعُ.

بیشک ضرورتمند نرم اور جھکا ہوا ہوتا ہے۔

وَ اِنَّ صَاحِبَ الْحَاجَةِ يُطِيْعُ وَ يَسْمَعُ.

بیشک ضرورتمند فرمانبرداری کرتا ہے اور سنتا ہے۔

فَلَوْ قُلْتُ لَهُمَا شَيْئاً لَسَمِعَا وَ سَمِعَ أَهْلُ السِّجْنِ وَ لَكِنَّ يُوْسُفَ لَمْ يَسْتَعْجِلْ.

لہذا اگر میں ان سے کچھ کہوں گا تو وہ ضرور بھر ضرور سنے گے اور دیگر صاحب زنداں بھی سنیں گے۔ لیکن حضرت یوسفؑ نے کوئی جلد بازی نہ کی۔

بَلْ قَالَ لَهُمَا: أَنَا أُخْبِرُكُمَا بِتَأْوِيْلِ الرُّؤْيَا قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَكُمَا طَعَامُكُمَا.

بلکہ ان دونوں سے فرمایا: ''میں تمہیں تمہارا کھانا آنے سے پہلے ہی تمہاری خوابوں کی تعبیر بتا دوں گا۔''

فَجَلَسَا وَ اطْمَأَنَّا.

پھر وہ دونوں اطمینان سے بیٹھ گئے۔

ثُمَّ قَالَ لَهُمَا يُوْسُفُ:

پھر حضرت یوسفؑ نے ان دونوں سے فرمایا:

أَنَا عَالِمٌ بِتَأْوِيْلِ الرُّؤْيَا، (ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِي رَبِّي) [يوسف ٣٧]

میں خوابوں کی تعبیر کا عالم ہوں۔ ﴿یہ ان علموں میں سے ایک علم ہے جس کی مجھے میرے رب نے تعلیم دی ہے۔﴾ [یوسف ٣٧]

فَفَرِحَا وَ أَطْمَأَنَّا.

وہ دونوں خوش اور مطمئن ہو گئے۔

وَ هُنَا وَجَدَ يُوْسُفُ الْفُرْصَةَ فَبَدَأَ مَوْعِظَتَهُ.

یہاں حضرت یوسفؑ کو موقع ملا اور انہوں نے اپنی نصیحت کا آغاز فرمایا۔

الكلمات الجديدة

لفظ	معنی	لفظ	معنی
حَاجَةٌ	ضرورت	جَلَسَ، يَجْلِسُ	بیٹھنا
لاَنَ، يَلِيْنُ	نرم ہونا، نرمی برتنا	اِطْمَئَنَّ، يَطْمَئِنُّ	مطمئن ہونا، بےخوف ہونا
خَضَعَ، يَخْضَعُ	مطیع ہونا، پابند احکام ہونا	عَلِمَ، يَعْلَمُ	جاننا
أطَاعَ، يُطِيْعُ	تابع دار ہونا، اشارہ پر چلنا	فُرْصَةٌ	موقع، وقت
سَمِعَ، يَسْمَعُ	سننا	بَدَأَ، يَبْدَأُ	شروع کرنا
اِسْتَعْجَلَ، يَسْتَعْجِلُ	جلدی کرنا	حِكْمَةٌ	دانشمندانہ بات، دانائی

١١ ـــ موعظة التوحيد
توحید کی وعظ ونصیحت

قَالَ يُوْسُفُ: (ذَلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِي رَبِّي) [يوسف ٣٧]

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: ﴿یہ ان علموں میں سے ایک علم ہے جس کی میرے رب نے مجھے تعلیم دی ہے۔﴾ [یوسف ٣٧]

وَ لَكِنَّ اللَّهَ لاَ يُؤتِي عِلْمَهُ كُلَّ أحَدٍ.

لیکن اللہ تعالیٰ اپنا علم ہر ایک کو عطا نہیں کرتا۔

اِنَّ اللَّهَ لاَ يُؤتِي عِلْمَهُ الْمُشْرِكَ.

بیشک اللہ تعالیٰ شرک کرنے والے کو علم نہیں دیتا۔

هَلْ تَعْرِفَانِ لِمَاذَا عَلَّمَنِي رَبِّي.

کیا تم دونوں جانتے ہو کہ میرے پروردگار نے مجھے کیوں علم عطا کیا؟

لِأنِّي تَرَكْتُ طَرِيْقَ أهْلَ الشِّرْكِ.

کیونکہ میں نے شرک کرنے والوں کا راستہ چھوڑا ہے۔

(وَ اتَّبَعْتُ مَلَّةَ آبَائِي اِبْرَاهِيْمَ وَ اِسْحَاقَ وَ يَعْقُوْبَ) [يوسف ٣٨]

﴿میں اپنے باپ دادا ابراہیم، اسحاق اور یعقوب علیہم السلام کے مذہب پر چلتا ہوں۔﴾ [یوسف ٣٨]

(مَا كَانَ لَنَا أَنْ نُشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ) [يوسف ۳۸]

﴿ہمارے شایانِ شان نہیں ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو (عبادت میں) شریک بنائیں۔﴾ [یوسف ۳۸]

قَالَ يُوْسُفُ: وَ هٰذَا التَّوْحِيْدُ لَيْسَ لَنَا فَقَطْ. بَلْ هُوَ لِلنَّاسِ جَمِيْعاً.

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: یہ توحید صرف ہمارے لئے ہی نہیں بلکہ پوری انسانیت کیلئے ہے۔

(ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ) [يوسف ۳۸]

﴿یہ اللہ تعالیٰ کا ہم پر اور روحِ زمین کے تمام انسانوں پر فضل ہے لیکن بہت سے لوگ (اللہ تعالیٰ) کا شکر ادا نہیں کرتے۔﴾ [یوسف ۳۸]

وَ هُنَا وَقَفَ يُوْسُفُ وَ سَأَلَهُمَا:

یہاں حضرت یوسفؑ نے تھوڑا توقف فرمایا اور ان دو اشخاص سے پوچھا۔

تَقُوْلُوْنَ رَبُّ الْبَرِّ، وَ رَبُّ الْبَحْرِ، وَرَبُّ الرِّزْقِ وَ رَبُّ الْمَطَرِ.

تم کہتے ہو خشکی کا رب، سمندر اور پانی کا رب، رزق کا رب اور بارش کا رب۔

وَ نَحْنُ نَقُوْلُ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ.

اور ہم کہتے ہیں اللہ تعالیٰ تمام جہانوں کا رب ہے۔

(أَ أَرْبَابٌ مُتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ أَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ) [يوسف ۳۹]

﴿کیا جدا جدا خدا بہتر ہیں یا ایک اللہ جو سب پر غالب ہے۔﴾ [یوسف ۳۹]

أَيْنَ رَبُّ الْبَرِّ وَرَبُّ الْبَحْرِ وَ رَبُّ الرِّزْقِ وَ رَبُّ الْمَطَرِ.

کہاں ہے خشکی کا رب، سمندر اور پانی کا رب، رزق کا رب اور بارش کا رب۔

(أَرُوْنِي مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ) [فاطر ۴۰]

﴿مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین میں کیا پیدا کیا ہے یا ان کا کوئی حصہ آسمانوں میں ہے؟﴾ [فاطر ۴۰]

اُنْظُرُوا اِلَى الْأَرْضِ وَ اِلَى السَّمَاءِ وَانْظُرُوا اِلَى الْاِنْسَانِ.

دیکھو زمین و آسمان کی طرف اور دیکھو انسان کی طرف۔

(هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَأَرُوْنِي مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهِ) [لقمان ۱۱]

﴿یہ سب اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے لہذا مجھے دکھاؤ اللہ کے سوا ان لوگوں نے کیا پیدا کیا ہے؟﴾ [لقمان ۱۱]

وَ كَيْفَ رَبُّ الْبَرِّ، وَرَبُّ الْبَحْرِ، وَ رَبُّ الرِّزْقِ، وَرَبُّ الْمَطَرِ؟

اور پھر کیسے ہو گئے خشکی کا رب، سمندر اور پانی کا رب، رزق کا رب اور بارش کا رب۔

أسْمَاءٌ، (سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَ آبَاؤُكُمْ) [يوسف ۴۰]

یہ تو محض صرف نام ہیں ﴿جو تم اور تمہارے آباء واجداد نے رکھ لئے ﴾ [يوسف ۴۰]

الْحُكْمُ لِلَّهِ ، الْمُلْكُ لِلَّهِ ، الأرْضُ لِلَّهِ. الأمْرُ لِلَّهِ.

(تمام جہانوں میں) حکم اللہ تعالیٰ کا چلتا ہے، بادشاہی بھی اللہ تعالیٰ کی ہے، یہ زمین بھی اللہ تعالیٰ کی ہے اور اُمر بھی اللہ تعالیٰ کا ہے۔

(لاَ تَعْبُدُوا اِلَّا اِيَّاهُ) [يوسف ۴۰]

﴿اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔﴾ [يوسف ۴۰]

(ذَلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ) [يوسف ۴۰]

﴿یہی سیدھا اور مکمل دین ہے۔﴾ [يوسف ۴۰]

(وَ لَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَعْلَمُوْنَ) [يوسف ۴۰]

﴿لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔﴾ [يوسف ۴۰]

الكلمات الجديدة

لفظ	معنی	لفظ	معنی
تَوْحِيْدٌ	عقیدہ جس کے تحت رب باری تعالیٰ کو واحد مانا جاتا ہے۔	شَكَرَ، يَشْكُرُ	شکر ادا کرنا، احسان کا اعتراف کرنا
أتَى، يُؤتِيْ	دینا، عطا کرنا	سَأَلَ، يَسْأَلُ	مانگنا، طلب کرنا، پوچھنا
أشْرَكَ ، يُشْرِكُ	شریک کرنا، حصہ دار بنانا	رَبُّ الْعَالَمِيْنَ	تمام جہانوں کا رب
أهْلُ الشِّرْكِ	عبادت میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک ٹھہرانے والے	مُتَفَرِّقٌ	الگ الگ، جدا جدا
اِتَّبَعَ، يَتَّبِعُ	مطیع وفرمانبردار ہونا	القَهَّارُ	زبردست، غالب
أبٌ ج آبَاءُ	باپ	أرُوْنِيْ	تم مجھے دکھاؤ
اشرک، يشرک		الأرْضُ	زمین
اَشْرَكَ بِاللّٰهِ	اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا	سَمَاءٌ ج سَمَاوَاتٌ	آسمان

فَقَطْ	صرف	سَمَّى، يُسَمِّي	نام دینا
فَضْلٌ	احسان، کرم	اِلَّا اِيَّاهُ	سوائے اس کے
نَاسٌ	لوگ، عوام	مِنْ دُوْنِهِ	اس کے علاوہ

١٢ ـــ تأويل الرؤية

خواب کی تعبیر

وَ لَمَّا فَرِغَ يُوْسُفُ مِنْ مَوْعِظَتِهِ أَخْبَرَ هُمَا بِتَأْوِيْلِ الرُّؤْيَا.

جب حضرت یوسفؑ اپنے وعظ ونصیحت سے فارغ ہوئے تو آپ نے ان دونوں کوخواب کی تعبیر بتائی۔

قَالَ: (أَمَّا أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْراً) [يوسف ٤١]

آپ نے فرمایا: ﴿جہاں تک تم میں سے ایک کا سوال ہےتو وہ اپنے آقا کوشراب پلائے گا۔﴾ [یوسف ٤١]

(وَ أَمَّا الآخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَأسِهِ) [يوسف ٤١]

﴿اور جہاں تک دوسرے کا سوال ہےتو اسے سولی لٹکایا جائے گا اور پرندے اس کے سرکوکھائیں گے﴾ [یوسف ٤١]

وَ قَالَ لِلأَوَّلِ: (أُذْكُرْنِي عِنْدَ رَبِّكَ) [يوسف ٤٢]

اور آپ نے پہلے شخص سے فرمایا: ﴿اپنے آقا کے سامنے میرا ذکر کرنا﴾ [یوسف ٤٢]

وَ خَرَجَ الرَّجُلاَنِ ، فَكَانَ الأَوَّلُ سَاقِياً لِلْمَلِكِ وَ صُلِبَ الآخَرُ.

وہ دونوں شخص نکلے، پہلا بادشاہ کا ساقی بنا اور دوسرے کو پھانسی دی گئی۔

وَ نَسِيَ السَّاقِي أَنْ يَذْكُرَ يُوْسُفَ عِنْدَ الْمَلِكِ.

وہ ساقی اپنے بادشا کے سامنے حضرت یوسفؑ کا ذکر کرنا بھول گیا۔

وَ أَقَامَ يُوْسُفُ فِي السِّجْنِ سِنِيْنَ.

اور حضرت یوسفؑ کئی برس تک جیل میں ہی مقیم رہے۔

الكلمات الجديدة

لفظ	معنی	لفظ	معنی
أَمَّا	جہاں تک سوال ہے	أُذْكُرْنِي	میرا ذکر کرنا

سَقَی، یَسْقِيْ	پلانا	مَلِکٌ	بادشاہ
خَمْرٌ	شراب	صَلَبَ، یَصْلِبُ	سولی پر لٹکانا
صُلِبَ، یُصْلَبُ	سولی دیا جائے گا	نَسِيَ، یَنْسَی	بھولنا
أَکَلَ، یَأْکُلُ	کھانا	سَاقِيٌّ	پلانے والا
رَأْسٌ	سر	سَنَةٌ ج سَنَوَاتٌ / سِنِیْنَ	برس، سال

۱۳ — رؤیا الملک

بادشاہ کا خواب

وَ رَأَی مَلِکُ مِصْرَ رُؤْیَا عَجِیْبَةً.

مصر کے بادشاہ نے ایک عجیب وغریب خواب دیکھا۔

رَأَی فِي الْمَنَامِ سَبْعَ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ.

اس نے خواب میں سات موٹی گائیں دیکھیں۔

وَ یَأْکُلُ هَذِهِ الْبَقَرَاتُ سَبْعَ بَقَرَاتٍ عِجَافٍ.

اور یہ سات موٹی گائیں سات کمزور گائیوں کو کھا رہی ہیں۔

وَ رَأَی الْمَلِکُ سَبْعَ سُنْبُلاَتٍ خُضْرٍ وَ سَبْعَ سُنْبُلاَتٍ یَابِسَاتٍ.

اور بادشاہ نے سات سبز بالیاں اور سات خشک بالیاں دیکھیں۔

تَعَجَّبَ الْمَلِکُ مِنْ هَذِهِ الرُّؤْیَا الْعَجِیْبَةِ وَ سَأَلَ جُلْسَائَهُ عَنْ تَأْوِیْلِ الرُّؤْیَا.

بادشاہ اس عجیب وغریب خواب سے حیران و پریشان ہوگیا۔ اور اس نے اپنے حواریوں سے خواب کی تعبیر پوچھی۔

قَالُوا: هَذَا لَیْسَ بِشَيْءٍ، النَّائِمُ یَرَی أَشْیَاءَ کَثِیْرَةً لاَ حَقِیْقَةَ لَهَا.

انہوں نے جواب دیا: یہ کچھ (خاص) نہیں، سونے والا (نیند میں) ایسی بہت سی چیزیں دیکھتا ہے جن کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی۔

وَ لَکِنَّ قَالَ السَّاقِي: لاَ، بَلْ أُخْبِرُکُمْ بِتَأْوِیْلِ هَذِهِ الرُّؤْیَا.

لیکن ساقی نے عرض کیا: نہیں میں تمہیں اس خواب کی تعبیر بتاؤں گا۔

وَ ذَهَبَ السَّاقِي إِلَی السِّجْنِ وَ سَأَلَ یُوْسُفَ عَنْ تَأْوِیْلِ رُؤْیَا الْمَلِکِ.

ساقی قید خانہ گیا اور حضرت یوسفؑ سے بادشاہ کے خواب کی تعبیر پوچھی۔

كَانَ يُوْسُفُ جَوَاداً كَرِيْماً مُشْفِقاً عَلَى خَلْقِ اللّٰهِ فَأَخْبَرَهُ بِالتَّأوِيْلِ.

حضرت یوسفؑ بہت ہی فیاض، دلفراض اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر مہربان اور شفقت کرنے والے تھے۔آپ نے اسے (خواب کی) تعبیر بتادی۔

وَ كَانَ يُوْسُفُ جَوَاداً كَرِيْماً لاَ يَعْرِفُ الْبُخْلَ.

حضرت یوسفؑ بہت ہی سخی اور دلنواز تھے وہ بخل سے نا آشنہ تھے۔

فَأَخْبَرَ يُوْسُفُ بِالتَّأْوِيْلِ وَ دَلَّ عَلَى التَّدْبِيْرِ.

تو حضرت یوسفؑ نے خواب کی تعبیر بتائی اور تدبیر کی رہنمائی بھی فرمائی۔

قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ ، وَاتْرُكُوا مَا حَصَدْتُمْ فِي سُنْبُلِهِ اِلاَّ قَلِيْلاً مِمَّا تَأْكُلُونَ.

آپ نے فرمایا: تم سات سال تک زراعت کرنا اور جو تم فصل کاٹو گے اس میں سے اپنے کھانے کیلئے رکھ کر تھوڑا چھوڑ دینا (آئیندہ وقت کیلئے)۔

وَ يَكُوْنُ بَعْدَ ذَلِكَ قَحْطٌ عَامٌّ تَأْكُلُونَ فِيْهِ مَا خَزَنْتُمْ اِلاَّ قَلِيْلاً.

اس کے بعد عام قحط پڑ جائے گا اس میں (دوران قحط) جو تم نے تھوڑا بہت جمع کیا ہوگا اس میں سے کھانا۔

وَ يَطُوْلُ هَذَا الْقَحْطُ اِلَى سَبْعِ سِنِيْنَ.

اور یہ قحط سات سال طویل ہوگا۔

وَ بَعْدَ ذَلِكَ يَأْتِي النَّصْرُ وَ يُخْصِبُ النَّاسُ.

اس کے بعد مدد آجائے گی اور لوگ سیراب ہو جائیں گے۔

وَ ذَهَبَ السَّاقِي وَ أَخْبَرَ الْمَلِكَ بِتَأْوِيْلِ رُؤْيَاهُ.

ساقی نے آکر بادشاہ کو اس کے خواب کی تعبیر بتائی۔

الكلمات الجديدة

لفظ	معنی	لفظ	معنی
بَقَرَةٌ ج بَقَرَاتٌ	گائے	كَرِيْمٌ	سخی، فیاض
سَمِيْنٌ ج سِمَانٌ / سُمَنَاءُ	موٹا، فربہ	البُخْلُ	کنجوسی، بخل
عَجِيْفٌ ج عِجَافٌ	کمزور، دبلا	دَلَّ عَلَى	کوئی چیز بتانا، ظاہر کرنا
سُنْبُلٌ ج سَنَابِلُ	گیہوں کا خوشہ، بالی	زَرَعَ، يَزْرَعُ	بیج ڈالنا، بونا
يَابِسَةٌ ج يَابِسَاتٌ	خشک	تَرَكَ، يَتْرُكُ	چھوڑنا
جُلَسَائُهُ	ہم نشین	حَصَدَ، يَحْصُدُ	کاٹنا
النَّائِمُ	سونے والا	قَحْطٌ	فقدان، خشک سالی
شَيْءٌ ج أشْيَاءُ		عَامٌ ج أعْوَامٌ	سال
حَقِيْقَةٌ	حقیقت، سچائی، صداقت	خَزَنَ، يَخْزُنُ	ذخیرہ کرنا، گودام میں رکھنا
مُشْفِقٌ	خیرخواہ، ہمدرد، مہربان	طَالَ، يَطُوْلُ	دراز ہونا، لمبا ہونا
أخْبَرَ، يُخْبِرُ	خبر کرنا، آگاہ کرنا، بتانا	النَّصْرُ	مدد
جَوَّادٌ	بہت سخی	أخْصَبَ، يُخْصِبُ	خوشحال، شاداب، سرسبز

۱۴ ــــ الملك يرسل الى يوسفؑ

بادشاہ یوسفؑ کو بلا بھیجتا ہے

وَ لَمَّا سَمِعَ الْمَلِكُ هَذَا التَّأْوِيْلَ وَ التَّدْبِيْرَ فَرِحَ جِدّاً.

جب بادشاہ نے یہ تعبیر اور تدبیر سنی تو بہت خوش ہوا۔

وَقَالَ: مَنْ صَاحِبُ هَذَا التَّأْوِيْلِ؟

اور کہا: یہ تعبیر کس نے بتائی؟

وَ قَالَ الْمَلِكُ: مَنْ هَذَا الرَّجُلُ الْكَرِيْمُ الَّذِي نَصَحَ لَنَا وَ دَلَّ عَلَى التَّدْبِيْرِ؟

اور کہا: یہ شریف انسان کون ہے جس نے ہمیں نصیحت کی اور تدبیر بتائی؟

قَالَ السَّاقِي: هَذَا يُوْسُفُ الصِّدِّيْقُ وَ هُوَ الَّذِي أَخْبَرَ أَنِّي سَأَكُوْنُ سَاقِياً لِسَيِّدِي الْمَلِكِ.

ساقی نے عرض کیا: یہ سچے یوسفؑ ہیں۔ جنہوں نے مجھے بتایا تھا کہ میں اپنے آقا بادشاہ کا ساقی بنوں گا۔

وَ اِشْتَاقَ الْمَلِكُ اِلَى لِقَاءِ يُوْسُفَ، وَ أَرْسَلَ اِلَى يُوْسُفَ.

تو بادشاہ نے حضرت یوسفؑ سے ملاقات کرنے کے شوق کا اظہار کیا۔ اور حضرت یوسفؑ کو بلا بھیجا۔

وَ قَالَ الْمَلِكُ: (ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ)

بادشاہ نے کہا: ﴿انہیں میرے پاس لے آؤ میں انہیں خالص اپنے لئے رکھوں گا﴾

الكلمات الجديدة

لفظ	معنی	لفظ	معنی
التَّدْبِيْرُ	انتظام، مینجمینٹ	المَلِكُ	بادشاہ
نَصَحَ، يَنْصَحُ	نصیحت کرنا	اِشْتَاقَ، يَشْتَاقُ	مشتاق ہونا، دل چاہنا
السَّاقِيُّ	پلانے والا	اِئْتُوْنِيْ	لے آؤ میرے پاس
الصِّدِّيْقُ	دوست، ہمنوا	اَسْتَخْلِصْهُ	اس کو خاص کروں گا
السَّيِّدُ	سردار، آقا، بااقتدار آدمی	لِنَفْسِيْ	اپنی ذات کے لئے

الوحدة الثالثة

Unit- III Grammer (Syntax)

١ . المركبات (التام ، والناقص)

٢ . التركيب التوصيفي

٣. التركيب الاضافي

٤. الجملة الاسمية

٥ . الجملة الفعلية

٦ . التذكير و التأنيث

۱ــ المركبات (التام ، والناقص)

دو یا دو سے زیادہ مفرد الفاظ کے آپس کے تعلق کو ترکیب کہتے ہیں اور ان کے مجموعہ کو مرکب ۔ جیسے 'گھر' مفرد لفظ ہے اور 'خوبصورت' بھی مفرد لفظ ہے جب ان دونوں الفاظ کو ملایا جاتا ہے تو ایک بامعنی فقرہ بن جاتا ہے۔ ''خوبصورت گھر'' اسے مرکب کہیں گے۔ چنانچہ دو سے زیادہ الفاظ پر مشتمل بامعنی فقرہ کو مرکب کہا جاتا ہے۔ مرکب کی دو قسمیں ہیں۔ مرکب تام یا جملہ، مرکب غیر تام یا ناقص

۱۔ مرکب تام یا جملہ:۔ جب دو سے زائد الفاظ کے مرکب سے کوئی خبر معلوم ہو یا کوئی حکم سامنے آئے یا کسی خواہش کا اظہار ہو تو ایسے مرکب کو ''مرکب تام یا جملہ'' کہتے ہیں۔ جیسے: 'اَلْمَسْجِدُ وَاسِعٌ' مسجد کشادہ ہے اس جملہ میں مسجد کے کشادہ ہونے کی خبر دی گئی ہے۔ یا 'اِقْرَأْ الْكِتَابَ' کتاب پڑھو۔ اس میں کتاب کے پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے یا 'اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا' اے اللہ ہماری مغفرت فرما۔ اس میں اللہ تعالیٰ سے طلب مغفرت کی خواہش کا اظہار ہے۔ یہ تمام جملے ہیں۔

۲۔ مرکب غیر تام یا ناقص:۔ ایسا مرکب ہے۔ جس کے سننے سے نہ کوئی خبر معلوم ہو نہ حکم سمجھا جائے اور نہ کسی خواہش کا اظہار ہو بلکہ بات ادھوری رہے جیسے: 'عَذَابٌ شَدِيْدٌ' ایک شدید عذاب 'رَسُوْلُ اللّٰهِ' اللہ کے رسول ﷺ وغیرہ۔ مرکب ناقص کی کئی اقسام ہیں جیسے مرکب عطفی، مرکب توصیفی، مرکب اضافی، مرکب اشاری، مرکب عددی وغیرہ۔ جن میں سے مشہور قسمیں ''مرکب توصیفی'' اور ''مرکب اضافی'' کی تفصیلات اور قواعد مندرجہ ذیل ہیں۔

۲ ـــ التركيب التوصيفي

مرکب توصیفی: مرکب توصیفی دو اسماء کا ایک ایسا مرکب ہے جس میں ایک اسم دوسرے اسم کی صفت بیان کرتا ہے۔ مثلاً ہم کہتے ہیں ''رَجُلٌ صَالِحٌ'' 'نیک مرد' اس میں اسم 'صَالِحٌ' نے اسم 'رَجُلٌ' کی صفت بیان کی ہے۔ جس اسم کی صفت بیان کی جاتی ہے اسے موصوف یا منعوت کہتے ہیں۔ مذکورہ مثال میں ''رَجُلٌ'' کی صفت بیان کی گئی ہے اس لئے وہ موصوف ہے اور دوسرا اسم جو صفت بیان کرتا ہے اسے صفت یا نعت کہتے ہیں چنانچہ مذکورہ مثال میں '' صَالِحٌ'' صفت ہے

قواعد:۔ صفت اپنے موصوف کے مندرجہ ذیل امور میں تابع ہوتی ہے

۱۔ عدد میں (مفرد، تثنیہ و جمع)

ب۔ اعراب میں (ضمہ، فتحہ کسرہ)

ج۔ تعریف وتنکیر میں (معرفہ ونکرہ)

د۔ تذکیروتانیث میں (مذکرومؤنث)

ا۔ عدد میں (مفرد، تثنیہ وجمع)

اگرموصوف 'مفرد' ہے تو صفت بھی 'مفرد' ہوگی مثلاً:

١. الرَّجُلُ الصَّالِحُ.

٢. الكِتَابُ الْمُفِيْدُ.

٣. بَيْتٌ جَدِيْدٌ.

اگرموصوف 'مثنیٰ' ہے تو صفت بھی 'مثنیٰ' ہوگی مثلاً:

١. الرَّجُلاَنِ الصَّادِقَانِ.

٢. البَيْتَانِ الْجَدِيدَانِ.

٣. بِنْتَانِ مُجْتَهِدَتَانِ.

اگرموصوف 'جمع' ہے تو صفت بھی 'جمع' ہوگی مثلاً:

١. الرِّجَالُ الصَّادِقُوْنَ.

٢. البُيُوْتُ النَّظِيْفَةُ.

٣. بَنَاتٌ مُجْتَهِدَاتٌ.

ب۔ اعراب میں (ضمہ، فتحہ کسرہ)

اگرموصوف پر 'ضمہ' ہے تو صفت پر بھی 'ضمہ' ہوگا مثلاً:

١. الوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ.

٢. الكِتَابَانِ الْجَدِيْدَانِ.

٣. أَبْوَابٌ مُغْلَقَةٌ.

اگرموصوف پر 'فتحہ' ہے تو صفت پر بھی 'فتحہ' ہوگا مثلاً:

١. رَأَيْتُ الْوَلَدَ الْمُجْتَهِدَ.

٢. اِشْتَرَيْتُ الْكِتَابَيْنِ الْجَدِيْدَيْنِ.

۳. فَتَحْتُ الأَبْوَابَ الْمُغْلَقَةَ.

اگر موصوف پر 'کسرہ' ہے تو صفت پر بھی 'کسرہ' ہوگا مثلاً:

ا. سَافَرْتُ اِلَى مَوْمبَائِيْ بِالسَّيَّارَةِ الْجَدِيْدَةِ.

۲. دَخَلْنَا الْمَدْرَسَةَ بِالْبَابَيْنِ الْكَبِيْرَيْنِ.

۳. جَلَسْنَا فِي الْفَصْلِ عَلَى مَقَاعِدَ جَدِيْدَةٍ.

ج۔ تعریف وتنکیر میں (معرفہ ونکرہ)

اگر موصوف 'معرفہ' ہے تو صفت بھی 'معرفہ' ہوگی مثلاً:

ا. الفَصْلُ الْجَدِيْدُ.

۲. الكُلِّيَّةُ الْقَدِيْمَةُ.

۳. القَمِيْصُ الْوَسِخُ.

اگر موصوف 'نکرہ' ہے تو صفت بھی 'نکرہ' ہوگی مثلاً:

ا. قَلَمٌ مَكْسُوْرٌ.

۲. طَالِبٌ مُجْتَهِدٌ.

۳. فَاكِهَةٌ نَاضِجَةٌ.

د۔ تذکیر وتانیث میں (مذکر ومؤنث)

اگر موصوف 'مذکر' ہے تو صفت بھی 'مذکر' ہوگی مثلاً

ا. الحَجَرُ الثَّقِيْلُ.

۲. الطَّبِيْبُ الشَّهِيْرُ.

۳. كُرْسِيٌّ جَدِيْدٌ.

اگر موصوف 'مؤنث' ہے تو صفت بھی 'مؤنث' ہوگی مثلاً

ا. البِنْتُ الصَّالِحَةُ.

۲. الطَّالِبَةُ الْمُجْتَهِدَةُ.

۳. مِرْوَحَةٌ جَمِيْلَةٌ.

نوٹ: اگر موصوف 'غیر عاقل' کی جمع ہو تو اس کی صفت عام طور پر واحد مؤنث آتی ہے۔ یہاں یہ بات سمجھ لیں کہ انسان، جن اور فرشتے صرف تین مخلوقات 'عاقل' ہیں۔ ان کے علاوہ باقی تمام مخلوقات غیر عاقل تصور کی جاتی ہیں۔

٣ـــ التركيب الاضافي

دو اسماء کا ایسا مرکب جس میں ایک اسم کو دوسرے اسم کی طرف نسبت دی گئی ہو مرکب اضافی کہلاتا ہے۔ جیسے "كِتَابُ الْوَلَدِ" لڑکے کی کتاب۔ اس مرکب میں لڑکے کی طرف نسبت دی گئی ہے جو یہاں ملکیت ظاہر کر رہی ہے۔ اس لئے یہ مرکب اضافی ہے۔

جس اسم کو کسی کی طرف نسبت دی جاتی ہے اسے "مُضَافٌ" کہتے ہیں۔ مذکورہ بالا مثال میں کتاب کو نسبت دی گئی ہے۔ اس لئے یہاں کتاب مضاف ہے۔ جس اسم کی طرف کوئی نسبت دی جاتی ہے اسے "مُضَافٌ اِلَيْهِ" کہتے ہیں۔ مذکورہ مثال میں 'الْوَلَدُ ' کی طرف نسبت دی گئی ہے۔ اس لئے 'الْوَلَدُ' یہاں مضاف الیہ ہے۔ عربی میں مضاف پہلے آتا ہے اور مضاف الیہ بعد میں۔ اردو میں اس کے برعکس ہوتا ہے لہذا ترجمہ میں اس کا خیال کرنا پڑتا ہے۔ مذکورہ مثال پر غور کریں۔ 'لڑکے کی کتاب' اس میں لڑکا جو مضاف الیہ ہے پہلے آیا ہے اور کتاب جو مضاف ہے بعد میں آئی ہے۔ اب چونکہ عربی میں مضاف پہلے آتا ہے اس لئے ترجمہ کرتے وقت پہلے کتاب کا ترجمہ ہوگا جو مضاف ہے اور لڑکے کا ترجمہ بعد میں ہوگا جو مضاف الیہ ہے چنانچہ عربی زبان میں اس کی ترکیب یوں ہوگی "كِتَابُ الْوَلَدِ". مزید مثالیں:

١. قَلَمُ الْمُدَرِّسِ.

٢. حَقِيْبَةُ الطَّالِبَةِ.

٣. كِتَابُ الطَّالِبِ.

٤. بَابُ الْفَصْلِ.

٥. لَوْنُ السَّيَّارَةِ.

ان مثالوں میں 'قَلَمُ' ، 'حَقِيْبَةُ' ، 'كِتَابُ' ، 'بَابُ' اور ' لَوْنُ' مضاف واقع ہونے کی صورت میں اسم نکرہ ہیں اوران پر تنوین کے بجائے صرف ایک 'ضَمَّة' کا استعمال کیا گیا ہے۔ اور 'الْمُدَرِّسِ' 'الطَّالِبَةِ' 'الطَّالِبِ' 'الْفَصْلِ' اور 'السَّيَّارَةِ' مضاف الیہ واقع ہونے کی صورت میں حالت جری میں ہیں اوران پر لام تعریف بھی داخل ہوا ہے۔

مرکب اضافی میں مضاف ہمیشہ پہلا اسم ہوتا ہے اور مضاف الیہ ہمیشہ بعد میں آتا ہے

مضاف اسم نکرہ اور مضاف الیہ اکثر معرفہ ہوتا ہے۔

مضاف ہمیشہ مرفوع اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے

مضاف پر لام تعریف اور تنوین (ٌ، ً، ٍ) نہیں آتی جبکہ مضاف الیہ پر لام تعریف یا تنوین (ٍ) آتی ہے۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اگر اسم نکرہ ہوتو اس پر ہمیشہ تنوین آتی ہے جیسے ''کِتَـابٌ'' جب اس پر لام تعریف داخل ہوتا ہے تو تنوین ختم ہو جاتی ہے جیسے ''الکِتَابُ''۔اب ذرا مذکورہ مثال میں لفظ ''کِتَابُ'' پر غور کریں، نہ تو اس پر لام تعریف ہے اور نہ ہی تنوین ہے۔بس یہی خصوصیت مضاف کی ایک آسان سی پہچان ہے۔اور مرکب اضافی کا پہلا قاعدہ یہی ہے کہ مضاف پر نہ تو لام تعریف آتا ہے اور نہ ہی تنوین آتی ہے۔

مرکب اضافی کا دوسرا قاعدہ یہ ہے کہ مضاف الیہ ہمیشہ حالت جر میں ہوتا ہے۔ جیسے ''بَـابُ الْبَیْـتِ'' میں دیکھیں 'الْبَیْتِ' حالت جر میں ہے۔جس کا ترجمہ ہوگا 'گھر کا دروازہ' یہی اگر 'بَـابُ بَیْتٍ' ہوتا تو اس کا ترجمہ ہوتا 'کسی گھر کا دروازہ'۔ مزید مثالیں:

۱. حَرَمُ الْجَامِعَةِ.
۲. سَيَّارَةُ التَّاجِرِ.
۳. كِتَابُ الطَّالِبِ.
۴. مَكْتَبُ الْمُدِيْرِ.
۵. بَقَرَاتُ الْفَلَّاحِ.

مضاف الیہ میں بعض اوقات ایک سے زائد مضاف اور مضاف الیہ آتے ہیں۔جیسے ''بَـابُ بَیْتِ الْمُدَرِّسِ'' 'استاد کے گھر کا دروازہ' اس میں دروازہ مضاف ہے جس کا مضاف الیہ 'بَیْـتِ' ہے لیکن 'بَیْـتِ' خود بھی مضاف ہے جس کا مضاف الیہ 'الْمُدَرِّسِ' ہے۔اس مثال سے واضح ہوتا ہے کہ مضاف الیہ اول پر لام تعریف داخل نہیں ہوگا البتہ یہ بھی حالت جر میں ہی رہے گا اور لام تعریف مضاف الیہ آخر پر ہی آئے گا۔جیسے

۱. خُبْزُ دُكَّانِ حَامِدٍ.
۲. سَيَّارَةُ أَبِيْ مُحَمَّدٍ.
۳. لَوْنُ سَيَّارَةِ الْمُدِيْرِ.
۴. مَكْتَبُ رَئِيْسِ الْمُدَرِّسِيْنَ.
۵. لَبَنُ بَقَرَاتِ الْفَلَّاحِ.

ان مثالوں میں 'خُبْـزُ'، 'سَیَّـارَةُ'، 'لَـوْنُ'، 'مَکْتَبُ' اور 'لَبَنُ' '' مضاف. 'دُكَّـانِ' 'أَبِيْ' 'سَیَّـارَةِ' 'رَئِیْسِ'اور 'بَقَرَاتِ' مضاف الیہ اول اور 'حَامِدٍ' 'مُحَمَّدٍ' 'الْمُدِیْرِ' 'الْمُدَرِّسِیْنَ' اور 'الْفَلَّاحِ' مضاف الیہ آخر ہیں.
دو اسماء کے درمیان ملکیت کے علاوہ اور بھی نسبتیں ہوتی ہیں

۴ــ الجملة الاسمية

جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے جس میں پہلا جز و یعنی مبتدا (جس سے جملہ کی ابتدا کی جائے) اسم ہو اور دوسرا جز و خبر ہو جیسے
حَامِدٌ مُجْتَهِدٌ . حامد محنتی ہے

جملہ اسمیہ میں عموماً پہلا جز و معرفہ اور دوسرا نکرہ ہوتا ہے۔ چنانچہ اوپر کی مثال میں "حَامِدٌ" اسم معرفہ ہے اور "مُجْتَهِدٌ" اسم نکرہ ہے۔

جملہ اسمیہ اور مرکب توصیفی میں بس اتنا ہی فرق ہے کہ مرکب توصیفی میں دونوں اجزاء تعریف و تنکیر میں یکساں ہوتے ہیں اور جملہ اسمیہ میں پہلا جز و معرفہ اور دوسرا نکرہ ہوتا ہے۔

قواعد:

۱۔ جملہ اسمیہ کے پہلے جز و کو مبتدا اور دوسرے جز و کو خبر کہتے ہیں۔

۲۔ مبتدا اور خبر عموماً مرفوع ہوتے ہیں۔

۳۔ مبتدا عموماً معرفہ اور خبر عموماً نکرہ ہوتا ہے۔

۴۔ مبتدا عموماً جملہ کا پہلا جز و ہوتا ہے اور خبر عموماً جملہ کا دوسرا جز و ہوتا ہے۔

۵۔ صفت کی طرح خبر بھی وحدت، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں اپنے مبتدا کے مطابق ہوتی ہے۔

۶۔ جملہ اسمیہ میں عموماً اسم علم، اسم ضمیر، اسم اشارہ، اسم فاعل، اسم مفعول، اسم ظرف، معرف باللام کو بطور مبتدا استعمال کیا جاتا ہے۔

سادہ اسمیہ جملے جن میں مبتدا اور خبر دونوں مفرد ہوں۔

	الجملة الاسمية	ترجمہ
۱	حَامِدٌ مَرِيْضٌ.	حامد بیمار ہے۔
۲	آمِنَةُ مَرِيْضَةٌ.	آمنہ بیمار ہے۔
۳	هُوَ طَالِبٌ.	وہ ایک طالب علم ہے۔
۴	هِیَ طَالِبَةٌ	وہ ایک طالبہ ہے۔
۵	هٰذَا مَكْتَبٌ.	یہ میز ہے۔
۶	هٰذِهٖ مَكْتَبَةٌ.	یہ لائبریری ہے۔

۷ المُدَرِّسُ وَاقِفٌ. استاد کھڑا ہے۔

۸ الطَّالِبُ جَالِسٌ. طالب علم بیٹھا ہے۔

۹ المَسْجِدُ مَفْتُوْحٌ. مسجد کھلی ہے۔

۱۰ المَدْرَسَةُ مُغْلَقَةٌ. سکول بند ہے۔

مندرجہ بالا جملے دو اجزا پر مشتمل ہیں۔ پہلا جزو مبتدا ہے خواہ وہ اسم علم ہو، اسم ضمیر ہو، اسم اشارہ ہو یا پھر 'ال' کے ذریعہ معرفہ بنایا گیا ہو جیسا کہ آپ نے اوپر پڑھا کہ مبتدا ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے اور یہ تمام معرفہ کی ہی اقسام ہیں۔ جبکہ دوسرا جزو خبر ہے اور خبر ہمیشہ نکرہ ہوتی ہے۔ ان تمام جملوں میں دونوں اجزا مرفوع واقع ہوئے ہیں۔ جسکی علامت تنوین ہے۔

سادہ اسمیہ جملے جن میں صفت کی طرح خبر بھی وحدت، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں اپنے مبتدا کے مطابق ہو۔

الجملة الاسمية	ترجمہ
۱ حَامِدٌ مُجْتَهِدٌ.	حامد محنتی ہے۔
۲ حَامِدٌ و آمِنَةُ مُجْتَهِدَانِ.	حامد اور آمنہ محنتی ہیں۔
۳ الطُّلاَّبُ لاعِبُوْنَ.	طلبہ کھیل رہے ہیں۔
۴ هِيَ طَالِبَةٌ	وہ ایک طالبہ ہے۔
۵ هَذَا مَكْتَبٌ.	یہ میز ہے۔
۶ هَذِهِ مَكْتَبَةٌ.	یہ لائبریری ہے۔
۷ المُدَرِّسُ وَاقِفٌ.	استاد کھڑا ہے۔
۸ الطَّالِبُ جَالِسٌ.	طالب علم بیٹھا ہے۔
۹ المَسْجِدُ مَفْتُوْحٌ.	مسجد کھلی ہے۔
۱۰ المَدَارِسُ مَغْلَقَةٌ.	سکول بند ہیں۔

مندرجہ بالا جملے جن میں صفت کی طرح خبر بھی وحدت، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں اپنے مبتدا کے مطابق لائی گئی ہے اگر مبتدا واحد مذکر ہے تو خبر بھی واحد مذکر ہوگی۔ اگر مبتدا واحد مؤنث ہے تو خبر بھی واحد مؤنث ہوگی۔ اگر مبتدا تثنیہ مذکر ہے تو خبر بھی تثنیہ مذکر ہوگی۔ اگر مبتدا تثنیہ مؤنث ہے تو خبر بھی تثنیہ مؤنث ہوگی۔ اگر مبتدا جمع مذکر ہے تو خبر بھی جمع مذکر ہوگی۔ اگر مبتدا جمع مؤنث ہے تو خبر بھی جمع مؤنث ہوگی۔ البتہ اگر مبتدا جمع غیر عاقل ہے تو خبر واحد مؤنث ہوگی۔ جیسا کہ مذکورہ بالا مثالوں میں بتایا گیا ہے۔

سادہ اسمیہ جملے جن میں مبتدا اسم اشارہ اور مشار الیہ سے مرکب ہو اور خبر مفرد ہو۔

الجملة الاسمية		ترجمہ
١	هَذَا الرَّجُلُ فَقِيْرٌ.	یہ آدمی غریب ہے۔
٢	هَذَانِ الْوَلَدَانِ طَالِبَانِ.	یہ دو لڑکے طالب علم ہیں۔
٣	هَؤُلَاءِ الْأَوْلَادُ طُلَّابٌ.	وہ سب لڑکے طالب علم ہیں۔
٤	هَذِهِ الْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ.	یہ لڑکی خوبصورت ہے۔
٥	هَاتَانِ الطَّالِبَتَانِ مُجْتَهِدَتَانِ.	یہ دو لڑکیاں محنتی ہیں۔

مندرجہ بالا جملوں میں بھی صفت کی طرح خبر بھی وحدت، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں اپنے مبتدا کے مطابق لائی گئی ہے ۔یعنی اگر مبتدا واحد مذکر ہے تو خبر بھی واحد مذکر ہوگی۔ اگر مبتدا واحد مؤنث ہے تو خبر بھی واحد مؤنث ہوگی۔ اگر مبتدا تثنیہ مذکر ہے تو خبر بھی تثنیہ مذکر ہوگی۔ اگر مبتدا تثنیہ مؤنث ہے تو خبر بھی تثنیہ مؤنث ہوگی۔ اگر مبتدا جمع مذکر ہے تو خبر بھی جمع مذکر ہوگی۔اگر مبتدا جمع مؤنث ہے تو خبر بھی جمع مؤنث ہوگی۔

سادہ اسمیہ جملے جن میں مبتدا مفرد ہو اور خبر مرکب ہو۔

الجملة الاسمية		ترجمہ
١	حَامِدٌ طَالِبٌ مُجْتَهِدٌ.	حامد ایک محنتی طالب علم ہے۔
٢	آمِنَةُ طَالِبَةٌ كُسْلٰى.	آمنہ ایک سست طالبہ ہے۔
٣	هُوَ رَجُلٌ فَقِيْرٌ.	وہ ایک غریب آدمی ہے۔
٤	هِيَ بِنْتُ الْوَزِيْرِ.	وہ وزیر کی بیٹی ہے۔
٥	هَذَا مَكْتَبُ الْمُدِيْرِ.	یہ پرنسپل صاحب کا دفتر ہے۔
٦	هَذِهِ بَقَرَةُ الْفَلَّاحِ.	یہ کسان کی گائے ہے۔
٧	هَؤُلَاءِ طُلَّابُ الْجَامِعَةِ.	وہ یونیورسٹی کے طلبہ ہیں۔
٨	هَذَا بَابُ الْفَصْلِ.	یہ کلاس کا دروازہ ہے۔
٩	هُمَا يَدَا الرَّجُلِ.	وہ آدمی کے دو ہاتھ ہیں۔
١٠	مُحَمَّدٌ رَجُلٌ صَادِقٌ.	محمد ایک سچا آدمی ہے۔

مندرجہ بالا جملوں میں خبر موصوف صفت یا مضاف مضاف الیہ کا مرکب ہے۔البتہ یہاں بھی خبر وحدت، تثنیہ، جمع اور تذکیر

وتانیث میں اپنے مبتدا کے مطابق لائی گئی ہے۔

سادہ اسمیہ جملے جن میں مبتدا مضاف اور مضاف الیہ سے مرکب ہو اور خبر مفرد ہو۔

الجملة الاسمية	ترجمہ
۱ بَابُ الْفَصْلِ مُغْلَقٌ.	کلاس کا دروازہ بند ہے۔
۲ طُلَّابُ الْجَامِعَةِ حَاضِرُوْنَ.	یونیورسٹی کے طلبہ حاضر ہیں۔
۳ قَلَمُ الطَّالِبِ مَكْسُوْرٌ.	طالب علم کا قلم ٹوٹا ہوا ہے۔
۴ حَقِيْبَةُ الطَّالِبَةِ جَدِيْدَةٌ.	طالبہ کا تھیلا نیا ہے۔
۵ دَفْتَرُ عَمَّارٍ قَدِيْمٌ.	عمار کی کاپی پرانی ہے۔
۶ بَقَرَةُ الْفَلَّاحِ سَمِيْنَةٌ.	کسان کی گائے موٹی ہے۔
۷ سَيَّارَاتُ الْمُدَرِّسِ غَالِيَةٌ.	استاد کی گاڑیاں مہنگی ہیں۔
۸ سَاعَةُ الْبِنْتِ رَخِيْصَةٌ.	لڑکی کا تھیلا سستا ہے۔
۹ نَوَافِذُ الْمَسْجِدِ مَفْتُوْحَةٌ.	مسجد کی کھڑکیاں کھلی ہیں۔
۱۰ مَكْتَبَةُ الْكُلِّيَّةِ مُغْلَقَةٌ.	کالج کی لائبریری ہے۔

مندرجہ بالا جملوں میں مبتدا مضاف مضاف الیہ کا مرکب ہے۔البتہ یہاں بھی خبر وحدت، تثنیہ، جمع اور تذکیر وتانیث میں اپنے مبتدا کے مطابق لائی گئی ہے۔

....

۵ ــ الجملة الفعلية

جملہ فعلیہ: مرکب تام کی دوسری قسم جملہ فعلیہ ہے۔ایسا جملہ جو فعل سے شروع ہو جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔ جملہ فعلیہ کے پہلے جزو کو مسند اور فعل جبکہ دوسرے جزو کو مسند الیہ اور فاعل یا نائب فاعل کہتے ہیں۔جس کلمہ سے کسی زمانہ میں کام کا کرنا یا ہونا سمجھا جائے اس کلمہ کو فعل کہتے ہیں اور جو شخص وہ کام کرتا ہے اسے فاعل کہتے ہیں اور جس پر اس کام کا اثر پڑتا ہے اسے مفعول بہ کہتے ہیں۔ جیسے 'جَاءَ مُحَمَّدٌ' (محمد آیا) اس جملہ میں جَاءَ فعل اور مُحَمَّدٌ فاعل ہے۔ 'قَرَأَ حَامِدٌ القُرْآنَ' (حامد نے قرآن پڑھا) اس جملہ میں قَرَأَ فعل حَامِدٌ فاعل اور القُرْآنَ مفعول بہ ہے۔

قواعد:

۱۔ جملہ فعلیہ کے پہلے جزوکو مسند اور فعل اور دوسرے جزوکو مسند الیہ اور فاعل یا نائب فاعل کہتے ہیں۔

۲۔ فاعل اور مفعول بہ دونوں اسم ہوتے ہیں۔

۳۔ فاعل عموماً مرفوع اور مفعول بہ عموماً منصوب ہوتا ہے۔

۴۔ جملہ فعلیہ میں سب سے پہلے فعل پھر فاعل اور آخر میں مفعول بہ لایا جاتا ہے۔

۵۔ جملہ فعلیہ میں جب فاعل اسم ظاہر ہو (یعنی ضمیر نہ ہو) تو فعل ہر حال میں واحد ہی لایا جاتا ہے۔

۶۔ جملہ فعلیہ میں اگر فاعل پہلے اور فعل بعد میں آئے تو فعل کو وحدت، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں اپنے فاعل کے مطابق ہی لایا جاتا ہے۔

۷۔ جملہ فعلیہ میں اگر فعل لازم ہو تو صرف فاعل کا ہی استعمال ہوگا اور اگر فعل متعدی ہو تو ایسی صورت میں مفعول بہ کا لانا لازم ہے ورنہ جملہ مکمل نہیں ہو پائے گا۔

۸۔ حالت نصبی و جری میں جملہ فعلیہ میں تثنیہ کا 'اَلف' اور جمع کا 'نون' دونوں 'ی' میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔

سادہ فعلیہ جملے جن میں فعل لازم ہو۔

	فعل لازم کا استعمال	ترجمہ
۱.	جَاءَ حَامِدٌ.	حامد آیا۔
۲.	ذَهَبَ مُحَمَّدٌ اِلَى السُّوْقِ.	محمد بازار گیا۔
۳.	نَامَ الطِّفْلُ.	بچہ سویا۔
۴.	طَارَ الطَّائِرُفِي الْهَوَاءِ.	پرندہ ہوا میں اڑا۔
۵.	مَاتَ الرَّجُلُ.	آدمی مرا۔
۶.	غَرَدَ الطَّائِرُ عَلَى الشَّجَرَةِ صَبَاحاً.	صبح صبح درخت پر پرندہ چہچہایا۔
۷.	نَزَلَ المَطَرُ.	بارش برسی۔
۸.	تَفَتَّحَتِ الأَزْهَارُ.	پھول کھلے۔
۹.	جَلَسَ الطَّالِبُ فِي الْفَصْلِ.	طالب علم کلاس میں بیٹھا۔
۱۰.	جَلَسَتِ الْبِنْتُ عَلَى الْفَرَاشِ.	لڑکی بچھونے پر بیٹھی۔
۱۱.	يَبْكِي الطِّفْلُ.	بچہ رو رہا ہے۔

١٢. يَجْرِي النَّهْرَ فِي الْبَحْرِ. دریا سمندر میں بہتا ہے۔

١٣. دَعَا مُحَمَّدٌ ﷺ اِلَى عِبَادَةِ اللّٰهِ. محمد ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی دعوت دی۔

١٤. رَكِبَ الْمُسَافِرُ عَلَى الْبَاصِ. مسافر بس پر سوار ہوا۔

١٥. خَرَجَ الْمُدَرِّسُ مِنَ الْفَصْلِ. استاد کلاس سے نکلا۔

مندرجہ بالا جملوں میں 'جَاءَ' 'ذَهَبَ' 'نَامَ' 'طَارَ' 'مَاتَ' 'غَرَدَ' 'نَزَلَ' 'تَفَتَّحَ' 'جَلَسَ' 'وَقَفَ' 'يَبْكِي' 'يَجْرِي' 'دَعَا' 'رَكِبَ' 'خَرَجَ' یہ تمام افعال لازمہ ہیں۔اور 'حَامِدٌ' 'مَحَمَّدٌ' 'الطِّفْلُ' 'الطَّائِرُ' 'الرَّجُلُ' 'الطَّائِرُ' 'الْمَطَرُ' 'الأَزْهَارُ' 'الطَّالِبُ' 'الْبِنْتُ' 'الطِّفْلُ' 'النَّهْرُ' 'مُحَمَّدٌ ﷺ' 'الْمُسَافِرُ' 'الْمَدَارِسُ' یہ تمام فاعل واقع ہوئے ہیں چونکہ ان ہی کے ذریعہ کوئی نہ کوئی کام ہوا ہے۔اور فاعل حالت رفعی میں ہے (یعنی اس پر ایک پیش یا دو پیش لگے ہوئے ہیں)۔

سادہ فعلیہ جملے جن میں فعل متعدی ہو۔

فعل متعدی کا استعمال	ترجمہ
١. قَرَأَ الطَّالِبُ الْقُرْآنَ.	طالب علم نے قرآن پاک پڑھا۔
٢. ضَرَبَ حَامِدٌ مُحَمَّداً.	حامد نے محمد کو مارا۔
٣. فَتَحَ بَشِيْرٌ النَوَافِذَ.	بشیر نے کھڑکیاں کھولیں۔
٤. طَبَخَتْ غَزَالَةُ الْخُبْزَ.	غزالہ نے روٹی پکائی۔
٥. شَرِبَ الْوَلَدُ عَصِيْرَ الْبُرْتَقَالِ.	لڑکے نے سنگترے کا جوس پیا۔
٦. سَمِعَ النَّاسُ الأَذَانَ.	لوگوں نے آذان سنی۔
٧. غَسَلَتْ أُمِّيْ قُمْصَانِيْ وَ مَنَادِيْلِيْ.	میری امی جان نے میری قمیضیں اور میرے رومال دھوئے۔
٨. لَبِسَ الرَّجُلُ ثِيَاباً جَدِيْداً.	آدمی نے نئے کپڑے پہنے۔
٩. كَتَبَ الْمُدَرِّسُ الدَّرْسَ.	استاد نے سبق لکھا۔
١٠. أَرْسَلَ الْوَلَدَ الرِّسَالَةَ اِلَى أَبِيْهِ.	لڑکے نے اپنے والد کی طرف خط بھیجا۔
١١. قَتَلَ الرَّجُلُ الْحَيَّةَ.	آدمی نے سانپ کو قتل کیا۔
١٢. حَفِظَ مَحْمُوْدٌ سُوْرَةً.	محمود نے ایک سورت یاد کی۔
١٣. دَعَا مُحَمَّدٌ ﷺ كَافِراً اِلَى عِبَادَةِ اللّٰهِ.	محمد ﷺ نے ایک کافر کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کی دعوت دی۔

۱۴. لَعِبَ الأَوْلادُ كُرَّةَ الْقَدَمِ. لڑکوں نے فٹ بال کھیلا۔

۱۵. سَرَقَ الرَّجُلُ مَالاً. آدمی نے مال چرایا۔

مندرجہ بالا جملوں میں 'قَرَأَ' 'ذَهَبَ' 'ضَرَبَ' 'فَتَحَ' 'تَبِحَ' 'شَرِبَ' 'سَمِعَ' 'غَسَلَ' 'لَبِسَ' 'كَتَبَ' 'أَرْسَلَ' 'قَتَلَ' 'حَفِظَ' 'دَعَا' 'لَعِبَ' اور 'سَرَقَ' یہ تمام افعال متعدیہ ہیں۔اور 'الطَّالِبُ' 'حَامِدٌ' 'بَشِيْرٌ' 'غَزَالَةٌ' 'الوَلَدُ' 'النَّاسُ' 'أُمِّيْ' 'الرَّجُلُ' 'المُدَرِّسُ' 'الوَلَدُ' 'الرَّجُلُ' 'مَحْمُوْدٌ' 'مُحَمَّدٌ ﷺ' 'الأَوْلادُ' اور 'الرَّجُلُ' یہ تمام فاعل واقع ہوئے ہیں اوران کا اعراب حالت رفعی میں ہے (یعنی اس پر ایک پیش یا دو پیش لگے ہوئے ہیں)۔اور 'القُرْآنَ' 'مُحَمَّداً' 'النَوَافِذَ' 'الخُبْزَ' 'عَصِيْرَ الْبُرْتَقَالِ' 'الأَذَانَ' 'قُمْصَانِيْ وَ مَنَادِيْلِيْ' 'ثِيَاباً جَدِيْداً' 'الدَّرْسَ' 'الرِّسَالَةَ' 'الحَيَّةَ' 'كَافِراً' 'كُرَةَ الْقَدَمِ' اور 'مَالاً' یہ تمام مفعول بہ واقع ہونے کی صورت میں حالت نصبی میں ہیں۔(یعنی اس پر ایک زبر یا دو زبر لگے ہوئے ہیں)۔

سادہ فعلیہ جملے جن میں مفعول بہ مثنی ہو۔

	مفعول بہ مثنی کا استعمال	ترجمہ
۱.	نَصَرَ عَلِيٌّ الرَّجُلَيْنِ.	علی نے دو اشخاص کی مدد کی۔
۲.	فَتَحَ الحَارِسُ بَابَيْنِ.	چوکیدار نے دو دروازے کھولے۔
۳.	حَفِظَ الطَّالِبُ سُوْرَتَيْنِ.	طالب علم نے دو سورتیں یاد کیں۔
۴.	كَسَرَ الطِّفْلُ الكُوْبَيْنِ.	بچے نے دو پیالے توڑے
۵.	ضَرَبَ الرَّجُلُ السَّارِقَيْنِ.	آدمی نے دو چوروں کو پیٹا۔
۶.	وَجَدَتْ فَرْحَانَةُ فِي غُرْفَتِهَا حَيَّتَيْنِ.	فرحانہ نے اپنے کمرے میں دو سانپوں کو پایا۔
۷.	اِشْتَرَى الأَبُ ثَلاَّجَتَيْنِ.	والد صاحب نے دو ریفریجریٹر خریدے۔
۸.	طَبَخَتْ أُمِّيْ الخُبْزَيْنِ.	میری امی جان نے دو روٹیاں پکائیں۔
۹.	قَرَأَ اِبْنِيْ صَفْحَتَيْنِ مِنَ الْقُرْآنِ الْيَوْمَ.	میرے بیٹے نے آج قرآن پاک کے دو صفحات پڑھے۔
۱۰.	رَأَى الْوَلَدُ مُسَافِرَيْنِ فِي الطَّرِيْقِ.	لڑکے نے راستے میں دو مسافروں کو دیکھا۔

مندرجہ بالا جملوں میں 'نَصَرَ' 'فَتَحَ' 'حَفِظَ' 'كَسَرَ' 'ضَرَبَ' 'وَجَدَ' 'اِشْتَرَى' 'طَبَخَ' 'قَرَأَ' اور 'رَأَى' یہ تمام افعال متعدیہ ہیں۔اور 'عَلِيٌّ' 'الحَارِسُ' 'الطَّالِبُ' 'الطِّفْلُ' 'الرَّجُلُ' 'فَرْحَانَةُ' 'الأَبُ' 'أُمِّيْ' 'اِبْنِيْ' اور 'الوَلَدُ' یہ تمام فاعل واقع ہوئے ہیں اوران کا اعراب حالت رفعی میں ہے (یعنی اس پر ایک پیش یا دو پیش لگے ہوئے

ہیں)۔اور 'الرَّجُلَیْنِ' 'بَابَیْنِ' 'سُوْرَتَیْنِ' 'الکُوْبَیْنِ' 'السَّارِقَیْنِ' 'حَیَّتَیْنِ' 'ثَلاجَتَیْنِ' 'الخُبْزَیْنِ' 'صَفْحَتَیْنِ' اور 'مُسَافِرَیْنِ' یہ تمام مفعول بہ واقع ہونے کی صورت میں حالت نصبی میں ہیں۔مفعول بہ اگر مثنی ہو تو اس کا 'اَلف' حالت نصبی میں گر جاتا ہے اور اس کی جگہ 'يْ' آجاتی ہے۔جیسے قَلَمَانِ سے قَلَمَیْنِ۔مفعول بہ اگر مثنی ہو خواہ معرفہ ہو یا نکرہ دونوں صورتوں میں اس کے آخر میں ایک ہی کسرہ آئے گا۔

سادہ فعلیہ جملے جن میں مفعول بہ جمع مذکر سالم ہو۔

مفعول بہ جمع مذکر سالم کا استعمال	ترجمہ
۱. رَأى مَاجِدُ اللاَّعِبِیْنَ.	ماجد نے کھلاڑیوں کو دیکھا۔
۲. أشْبَعَ السَّائِقُ المُسَافِرِیْنَ.	ڈرائیور نے مسافروں کو پیٹ بھر کھانا کھلایا۔
۳. أكْرَمَتْ خَدِیْجَةُ المُدَرِّسِیْنَ.	خدیجہ نے اساتذہ کی عزت کی۔
۴. نَصَرَ الوَزِیْرُ المُسْلِمِیْنَ.	وزیر نے مسلمانوں کی مدد کی۔
۵. ضَرَبَ الرَّجُلُ السَّارِقِیْنَ.	آدمی نے چوروں کو پیٹا۔
٦. وَجَدَتْ آمِنَةُ المُعَلِّمِیْنَ فِيْ غُرْفَةِ الْمُدِیْرِ.	آمنہ نے اساتذہ کو پرنسپل صاحب کے کمرہ میں پایا۔
۷. لا یَغْفِرُ اللّٰهُ الْمُشْرِكِیْنَ.	اللہ تعالیٰ مشرکین کی کبھی بھی مغفرت نہیں کرے گا۔
۸. رَأى الأسْتَاذُ الطُّلاَّبَ النَّاجِحِیْنَ الْمَسْرُوْرِیْنَ.	استاد نے خوش وخرم کامیاب طلبہ کو دیکھا۔
۹. عَالَجَ الطَّبِیْبُ العَامِلِیْنَ.	ڈاکٹر نے مزدوروں کا علاج کیا۔
۱۰. لا یُحِبُّ المُؤمِنُ الْمُنَافِقِیْنَ.	مؤمن کبھی منافقوں سے محبت نہیں کرتا۔

مندرجہ بالا جملوں میں 'رأى' 'أشْبَعَ' 'أكْرَمَ' 'كَسَرَ' 'نَصَرَ' 'ضَرَبَ' 'وَجَدَ' 'غَفَرَ' 'رَأى' 'عَالَجَ' اور 'یُحِبُّ' یہ تمام افعال متعدیہ ہیں۔اور 'الوَلَدُ' 'السَّائِقُ' 'خَدِیْجَةُ' 'الوَزِیْرُ' 'الرَّجُلُ' 'آمِنَةُ' 'اللّٰهُ' 'الأسْتَاذُ' 'الطَّبِیْبُ' اور 'المُؤمِنُ' یہ تمام فاعل واقع ہوئے ہیں اور ان کا اعراب حالت رفعی میں ہے (یعنی اس پر ایک پیش یا دو پیش لگے ہوئے ہیں)۔اور 'اللاَّعِبِیْنَ' 'المُسَافِرِیْنَ' 'المُدَرِّسِیْنَ' 'المُسْلِمِیْنَ' 'السَّارِقِیْنَ' 'المُعَلِّمِیْنَ' 'المُشْرِكِیْنَ' 'النَّاجِحِیْنَ المَسْرُوْرِیْنَ' 'العَامِلِیْنَ' اور 'المُنَافِقِیْنَ' یہ تمام مفعول بہ واقع ہونے کی صورت میں حالت نصبی میں ہیں۔اور جمع مذکر سالم جب مفعول بہ ہو تو ایسی صورت میں اس پر ایک ہی زبر آئے گا۔مفعول بہ اگر جمع مذکر سالم ہو تو اس کا 'نون' حالت نصبی میں گر جاتا ہے اور اس کی جگہ 'يْ' آجاتی ہے۔جیسے مُسْلِمُوْنَ سے مُسْلِمِیْنَ۔ مفعول بہ اگر جمع مذکر سالم ہو خواہ معرفہ ہو یا نکرہ دونوں صورتوں میں اس کے آخر میں ایک ہی فتحہ آئے گا۔

سادہ فعلیہ جملے جن میں مفعول بہ جمع مؤنث سالم ہو۔

	مفعول بہ جمع مؤنث سالم کا استعمال	ترجمہ
١ .	ذَبَحَ الرَّجُلُ الدَّجَاجَاتِ.	آدمی نے مرغیاں ذبح کیں۔
٢ .	وَجَدَ نُعْمَانُ البَقَرَاتِ فِي الْحُقُلِ.	نعمان نے کھیت میں گائیں پائیں۔
٣ .	أَكْرَمَ حَامِدٌ المُؤمِنَاتِ.	حامد نے مؤمنات کی عزت کی۔
٤ .	أَسْقَى الوَلَدُ المُسَافِرَاتِ عَصِيْرَ الْعِنَبِ.	لڑکے نے مسافر عورتوں کو انگور کا جوس پلایا۔
٥ .	اِشْتَرَى الأَبُ الدَّرَّاجَاتِ لِأَبْنَائِهِ.	والد نے اپنے بیٹوں کیلئے سائیکلیں خریدیں۔
٦ .	أَشْبَعَتِ الْخَادِمَةُ الْمُعَلِّمَاتِ.	خادمہ نے استانیوں کو پیٹ بھر کھانا کھلایا۔
٧ .	وَجَدَتِ الْمُدَرِّسَةُ الطَّالِبَاتِ الْمُجْتَهِدَاتِ.	استانی صاحبہ نے محنتی طالبات کو پایا۔
٨ .	بَاعَ عَلِيٌّ السَّيَّارَاتِ الْقَدِيْمَةَ.	علی نے پرانی سائیکلیں بیچیں۔
٩ .	قَتَلَ الْفَلاَّحُ الحَيَّاتِ فِي الْحُقُوْلِ.	کسان نے کھیتوں میں سانپوں کو قتل کیا۔
١٠ .	أَخَذَتِ الْحُكُوْمَةُ الطَّيَّارَاتِ مِنْ أَمْرِيْكَا.	حکومت نے امریکہ سے طیارے لیئے۔

مندرجہ بالا جملوں میں 'ذَبَحَ' 'وَجَدَ' 'أَكْرَمَ' 'أَسْقَى' 'اِشْتَرَى' 'أَشْبَعَ' 'وَجَدَ' 'بَاعَ' 'رَأَى' 'قَتَلَ' اور 'أَخَذَ' یہ تمام افعال متعدیہ ہیں۔اور 'الرَّجُلُ' 'نُعْمَانُ' 'الْمُسْلِمُ' 'الوَلَدُ' 'الأَبُ' 'الخَادِمَةُ' 'المُدَرِّسُ' 'التَّاجِرُ' 'الفَلاَّحُ' اور 'الحُكُوْمَةُ' یہ تمام فاعل واقع ہوئے ہیں اوران کا اعراب حالت رفعی میں ہے (یعنی اس پر ایک پیش یا دو پیش لگے ہوئے ہیں)۔اور 'الدَّجَاجَاتِ' 'البَقَرَاتِ' 'المُؤمِنَاتِ' 'المُسَافِرَاتِ' 'الدَّرَّاجَاتِ' 'المُعَلِّمَاتِ' 'الطَّالِبَاتِ الْمُجْتَهِدَاتِ' 'السَّيَّارَاتِ' 'الحَيَّاتِ' اور 'الطَّيَّارَاتِ' یہ تمام مفعول بہ واقع ہونے کی صورت میں حالت نصبی میں ہیں۔اور جمع مؤنث سالم جب مفعول بہ ہوتو ایسی صورت میں اس پر ایک زیر یا دو زیر آئیں گی۔مفعول بہ اگر جمع مؤنث سالم ہوتو حالت رفعی میں ضمہ اور حالت نصبی و جری میں کسرہ آئے گا ۔جیسے مُسْلِمَاتٌ سے مُسْلِمَاتٍ یا المُسْلِمَاتِ۔

....

٦ ـــ التذكير و التأنيث

جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں ۱۔ (مذکر) ۲۔ (مؤنث) جیسے اِبْـــنٌ (بیٹا) مذکر ہے اور اِبْـــنَةٌ (بیٹی) مؤنث ہے۔

بعض اسموں کے آخر میں 'ۃ' ہوتی ہے مگر وہ مذکر کے لئے ہی استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے عَلاَّمَةٌ (بہت بڑا عالم) خَلِيْفَةٌ (مسلمانوں کا بادشاہ) طَرَفَةٌ (ایک شاعر کا نام) أُسَامَةُ ، مُعَاوِيَةُ وغیرہ۔

ایسے اسماء جن کے آخر میں کوئی بھی علامت تأنیث نہ پائی جائے مذکر کہلاتے ہیں۔ جیسے کِتَابٌ (ایک کتاب) قَلَمٌ (ایک قلم) المَسْجِدُ (مسجد) الرَّجُلُ (آدمی) وغیرہ۔ ان اسماء میں نہ ہی 'ۃ' تائے تأنیث، نہ 'یٰ' 'اَلف مکسورہ' اور نہ 'اءٔ' اَلف ممدودہ۔ لہذا ایسے اسماء جن کے آخر میں مذکورہ علامات میں سے کوئی بھی علامت نہ پائی جائے مذکر اسماء کہلائے گے۔

مؤنث: اس کی دو قسمیں ہیں۔

۱۔ مؤنث حقیقی ۲۔ مؤنث غیر حقیقی

مؤنث حقیقی: وہ مؤنث ہے جس کے مقابلہ میں ذکور اسماء میں سے کوئی اسم پایا جائے۔ بِنْتٌ (بیٹی) أُخْتٌ (بہن) أُمٌّ (ماں)۔

مؤنث غیر حقیقی: وہ مؤنث ہے جس کے مقابلہ میں ذکور اسماء میں سے کوئی اسم نہ پایا جائے۔ اس کی دو صوتیں ہیں۔

۱۔ مؤنث قیاسی ۲۔ مؤنث سماعی

۱۔ مؤنث قیاسی: وہ مؤنث ہے جس میں کوئی علامت تأنیث پائی جائے۔

علامت تأنیث تین ہیں:

(۱) لفظ کے آخر میں ''ۃ'' تائے تأنیث ہو جیسے غُرْفَةٌ، مَدْرَسَةٌ ، كُلِّيَّةٌ وغیرہ۔

(۲) لفظ کے آخر میں ''یٰ'' اَلف مکسورہ ہو جیسے سَلْمىٰ، بُشْرىٰ ، حُسْنىٰ وغیرہ۔

(۳) لفظ کے آخر میں ''اءٔ'' اَلف ممدودہ ہو جیسے صَحْرَاءُ، حَمْرَاءُ ، أَغْنِيَاءُ وغیرہ۔

۱۔ مؤنث سماعی: وہ مؤنث ہے جس میں کوئی علامت تأنیث لفظوں میں موجود نہ ہو بلکہ مقدر (پوشیدہ) ہو جیسے 'دَارٌ' اصل میں 'دَارَـــةٌ' تھا یا اہل عرب اس کو مؤنث استعمال کرتے تھے۔ مؤنث سماعی کا کوئی قاعدہ کلیہ نہیں ہے اس کا انحصار صرف عربوں کی سماعت پر ہے۔ اس کے چند قواعد درج ذیل ہیں۔

(۱) بدن کے جفت اعضاء جیسے: يَدٌ، رِجْلٌ ، أُذْنٌ، خَدٌّ، عَيْنٌ، ثَدْيٌ، كَتِفٌ، سَاقٌ، ذِرَاعٌ، شَفَةٌ وغیرہ۔

(۲) شراب کے نام جیسے: خَمْرٌ، خَرْطُوْمٌ، طَلاءٌ وغیرہ۔

(۳) ہوا کے نام جیسے: رِیْحٌ، صَرْصَرٌ وغیرہ۔

(۴) دوزخ کے نام جیسے: جَهَنَّمٌ ، سَقَرٌ وغیرہ۔

(۵) جمع مذکر سالم کے علاوہ تمام جمعیں جیسے: أشْجَارٌ، كِلاَبٌ، أوْرَاقٌ وغیرہ۔

(٦) ملکوں کے نام جیسے: مِصْرُ، شَامُ، تَرْكِيَا، يَابَانُ وغیرہ۔

اسماء مذکورہ کے علاوہ بھی بعض اسم ایسے ہیں جن کو اہل عرب مؤنث استعمال کرتے ہیں جیسے: أرْضٌ، شَمْسٌ، حَرْبٌ، نَارٌ، نَفْسٌ وغیرہ۔

....

الوحدة الرابعة

Unit- IV Grammer (Morphology)

١. الفعل الماضي (القريب، و البعيد، و الاستمراري)

٢. الفعل المضارع (المستقبل القريب، والبعيد)

٣. الفعل اللازم والمتعدي

٤. الفعل المعروف والمجهول

٥. أبواب الثلاثي المجرد (ضرب، نصر، فتح، سمع، حسب، كرم)

ا ــ الفعل الماضي (القريب و البعيد و الاستمراري)
فعل ماضی

فعل ماضی: وہ فعل ہے جس سے کسی کام کا گذشتہ زمانہ میں کرنا یا ہونا سمجھا جائے۔ جیسے خَرَجَ (وہ نکلا) قَرَأَ (اس نے پڑھا)

ماضی مطلق کی گردان:

	معنی	زمانہ	صیغہ	گردان
فَعَلَ	کیا اس ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر غائب	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلاَ	کیا ان دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر غائب	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلُوا	کیا ان سب مردوں نے	گذشتہ میں	جمع مذکر غائب	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلَتْ	کیا اس ایک عورت نے	گذشتہ میں	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلَتَا	کیا ان دو عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث غائب	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلْنَ	کیا ان سب عورتوں نے	گذشتہ میں	جمع مؤنث غائب	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلْتَ	کیا تو ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلْتُمَا	کیا تم دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر حاضر	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلْتُمْ	کیا تم سب مردوں نے	گذشتہ میں	جمع مذکر حاضر	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلْتِ	کیا تو ایک عورت نے	گذشتہ میں	واحد مؤنث حاضر	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلْتُمَا	کیا تم دو عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث حاضر	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلْتُنَّ	کیا تم سب عورتوں نے	گذشتہ میں	جمع مؤنث حاضر	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلْتُ	کیا میں ایک مرد/عورت نے	گذشتہ میں	واحد مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی مثبت معروف
فَعَلْنَا	کیا ہم دو/سب مردوں / عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ/جمع مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی مثبت معروف

فعل ماضی منفی معروف کی گردان:

	معنی	زمانہ	صیغہ	گردان
مَا فَعَلَ	نہیں کیا اس ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر غائب	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلاَ	نہیں کیا ان دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر غائب	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلُوا	نہیں کیا ان سب مردوں نے	گذشتہ میں	جمع مذکر غائب	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلَتْ	نہیں کیا اس ایک عورت نے	گذشتہ میں	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلَتَا	نہیں کیا ان دو عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث غائب	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلْنَ	نہیں کیا ان سب عورتوں نے	گذشتہ میں	جمع مؤنث غائب	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلْتَ	نہیں کیا تو ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلْتُمَا	نہیں کیا تم دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر حاضر	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلْتُمْ	نہیں کیا تم سب مردوں نے	گذشتہ میں	جمع مذکر حاضر	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلْتِ	نہیں کیا تو ایک عورت نے	گذشتہ میں	واحد مؤنث حاضر	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلْتُمَا	نہیں کیا تم دو عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث حاضر	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلْتُنَّ	نہیں کیا تم سب عورتوں نے	گذشتہ میں	جمع مؤنث حاضر	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلْتُ	نہیں کیا میں ایک مرد/عورت نے	گذشتہ میں	واحد مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی منفی معروف
مَا فَعَلْنَا	نہیں کیا ہم دو/سب مردوں / عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ/جمع مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی منفی معروف

فعل ماضی مثبت مجہول کی گردان:

	معنی	زمانہ	صیغہ	گردان
قُتِلَ	قتل کیا گیا وہ ایک مرد	گذشتہ میں	واحد مذکر غائب	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلاَ	قتل کئے گئے وہ دو مرد	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر غائب	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلُوا	قتل کئے گئے وہ سب مرد	گذشتہ میں	جمع مذکر غائب	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلَتْ	قتل کی گئی وہ ایک عورت	گذشتہ میں	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی مثبت مجہول

قُتِلَتَا	قتل کی گئیں وہ دو عورتیں	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث غائب	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلْنَ	قتل کی گئیں وہ سب عورتیں	گذشتہ میں	جمع مؤنث غائب	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلْتَ	قتل کیا گیا تو ایک مرد	گذشتہ میں	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلْتُمَا	قتل کئے گئے تم دو مرد	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر حاضر	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلْتُمْ	قتل کئے گئے تم سب مرد	گذشتہ میں	جمع مذکر حاضر	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلْتِ	قتل کی گئی تو ایک عورت	گذشتہ میں	واحد مؤنث حاضر	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلْتُمَا	قتل کی گئیں تم دو عورتیں	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث حاضر	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلْتُنَّ	قتل کی گئیں تم سب عورتیں	گذشتہ میں	جمع مؤنث حاضر	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلْتُ	قتل کیا گیا میں ایک مرد/عورت	گذشتہ میں	واحد مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی مثبت مجہول
قُتِلْنَا	قتل کئے گئے ہم دو/سب مرد /عورتیں	گذشتہ میں	تثنیہ/جمع مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی مثبت مجہول

فعل ماضی منفی مجہول کی گردان:

	معنی	زمانہ	صیغہ	گردان
مَا قُتِلَ	نہیں قتل کیا گیا وہ ایک مرد	گذشتہ میں	واحد مذکر غائب	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلاَ	نہیں قتل کیے گئے وہ دو مرد	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر غائب	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلُوا	نہیں قتل کیےگئے وہ سب مرد	گذشتہ میں	جمع مذکر غائب	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلَتْ	نہیں قتل کی گئی وہ ایک عورت	گذشتہ میں	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلَتَا	نہیں قتل کی گئیں وہ دو عورتیں	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث غائب	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلْنَ	نہیں قتل کی گئیں وہ سب عورتیں	گذشتہ میں	جمع مؤنث غائب	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلْتَ	نہیں قتل کیا گیا تو ایک مرد	گذشتہ میں	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلْتُمَا	نہیں قتل کیے گئے تم دو مرد	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر حاضر	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلْتُمْ	نہیں قتل کیے گئے تم سب مرد	گذشتہ میں	جمع مذکر حاضر	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلْتِ	نہیں قتل کی گئی تو ایک عورت	گذشتہ میں	واحد مؤنث حاضر	فعل ماضی منفی مجہول

مَا قُتِلْتُمَا	نہیں قتل کی گئیں تم دو عورتیں	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث حاضر	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلْتُنَّ	نہیں قتل کی گئیں تم سب عورتیں	گذشتہ میں	جمع مؤنث حاضر	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلْتُ	نہیں قتل کیا گیا میں ایک مرد/عورت	گذشتہ میں	واحد مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی منفی مجہول
مَا قُتِلْنَا	قتل کیے گئے ہم دو/سب مرد/عورتیں	گذشتہ میں	تثنیہ/جمع مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی مثبت مجہول

فعل ماضی قریب

فعل ماضی قریب: وہ فعل ہے جو اس پر دلالت کرے کہ کام گزشتہ زمانہ قریب میں ہوا ہے۔ جیسے: قَدْ کَتَبَ (اس نے لکھا)

بنانے کا قاعدہ: فعل ماضی مطلق کے شروع میں 'قَدْ' لگانے سے ماضی قریب بن جاتا ہے۔

فعل ماضی قریب مثبت معروف کی گردان:

	معنی	زمانہ	صیغہ	گردان
قَدْ فَعَلَ	اس ایک مرد نے کیا ہے	گذشتہ میں	واحد مذکر غائب	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلاَ	ان دو مردوں نے کیا ہے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر غائب	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلُوا	ان سب مردوں نے کیا ہے	گذشتہ میں	جمع مذکر غائب	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلَتْ	اس ایک عورت نے کیا ہے	گذشتہ میں	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلَتَا	ان دو عورتوں نے کیا ہے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث غائب	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلْنَ	ان سب عورتوں نے کیا ہے	گذشتہ میں	جمع مؤنث غائب	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلْتَ	تو ایک مرد نے کیا ہے	گذشتہ میں	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلْتُمَا	تم دو مردوں نے کیا ہے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر حاضر	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلْتُمْ	تم سب مردوں نے کیا ہے	گذشتہ میں	جمع مذکر حاضر	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلْتِ	تو ایک عورت نے کیا ہے	گذشتہ میں	واحد مؤنث حاضر	فعل ماضی قریب مثبت معروف

قَدْ فَعَلْتُمَا	تم دوعورتوں نے کیا ہے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث حاضر	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلْتُنَّ	تم سب عورتوں نے کیا ہے	گذشتہ میں	جمع مؤنث حاضر	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلْتُ	میں ایک مرد/عورت نے کیا ہے	گذشتہ میں	واحد مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی قریب مثبت معروف
قَدْ فَعَلْنَا	ہم دو/سب مردوں / عورتوں نے کیا ہے	گذشتہ میں	تثنیہ/جمع مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی قریب مثبت معروف

فعل ماضی قریب منفی معروف کی گردان:

	معنی	زمانہ	صیغہ	گردان
قَدْ مَا فَعَلَ	نہیں کیا ہے اس ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر غائب	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلاَ	نہیں کیا ہے ان دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر غائب	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلُوا	نہیں کیا ہے ان سب مردوں نے	گذشتہ میں	جمع مذکر غائب	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلَتْ	نہیں کیا ہے اس ایک عورت نے	گذشتہ میں	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلَتَا	نہیں کیا ہے ان دوعورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث غائب	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلْنَ	نہیں کیا ہے ان سب عورتوں نے	گذشتہ میں	جمع مؤنث غائب	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلْتَ	نہیں کیا ہے تو ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلْتُمَا	نہیں کیا ہے تم دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر حاضر	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلْتُمْ	نہیں کیا ہے تم سب مردوں نے	گذشتہ میں	جمع مذکر حاضر	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلْتِ	نہیں کیا ہے تو ایک عورت نے	گذشتہ میں	واحد مؤنث حاضر	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلْتُمَا	نہیں کیا ہے تم دوعورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث حاضر	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلْتُنَّ	نہیں کیا ہے تم سب عورتوں نے	گذشتہ میں	جمع مؤنث حاضر	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلْتُ	نہیں کیا ہے میں ایک مرد/عورت نے	گذشتہ میں	واحد مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی قریب منفی معروف
قَدْ مَا فَعَلْنَا	نہیں کیا ہے ہم دو/سب مردوں /عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ/جمع مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی قریب منفی معروف

فعل ماضی بعید

فعل ماضی بعید: وہ فعل ہے جو اس پر دلالت کرے کہ کام گزشتہ زمانہ بعید میں ہوا ہے۔ جیسے: کَانَ ذَھَبَ (وہ گیا تھا)

بنانے کا قاعدہ: فعل ماضی مطلق کے شروع میں 'کَانَ' لگانے سے ماضی بعید بن جاتا ہے۔

فعل ماضی بعید مثبت معروف کی گردان:

	معنی	زمانہ	صیغہ	گردان
کَانَ فَعَلَ	کیا تھا اس ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر غائب	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کَانَا فَعَلاَ	کیا تھا ان دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر غائب	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کَانُوا فَعَلُوا	کیا تھا ان سب مردوں نے	گذشتہ میں	جمع مذکر غائب	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کَانَتْ فَعَلَتْ	کیا تھا اس ایک عورت نے	گذشتہ میں	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کَانَتَا فَعَلَتَا	کیا تھا ان دو عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث غائب	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کُنَّ فَعَلْنَ	کیا تھا ان سب عورتوں نے	گذشتہ میں	جمع مؤنث غائب	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کُنْتَ فَعَلْتَ	کیا تھا تو ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کُنْتُمَا فَعَلْتُمَا	کیا تھا تم دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر حاضر	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کُنْتُمْ فَعَلْتُمْ	کیا تھا تم سب مردوں نے	گذشتہ میں	جمع مذکر حاضر	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کُنْتِ فَعَلْتِ	کیا تھا تو ایک عورت نے	گذشتہ میں	واحد مؤنث حاضر	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کُنْتُمَا فَعَلْتُمَا	کیا تھا تم دو عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث حاضر	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کُنْتُنَّ فَعَلْتُنَّ	کیا تھا تم سب عورتوں نے	گذشتہ میں	جمع مؤنث حاضر	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کُنْتُ فَعَلْتُ	کیا تھا میں ایک مرد/عورت نے	گذشتہ میں	واحد مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی بعید مثبت معروف
کُنَّا فَعَلْنَا	کیا تھا ہم دو/سب مردوں / عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ/جمع مذکر/مؤنث متکلم	فعل ماضی بعید مثبت معروف

فعل ماضی بعید منفی معروف:

	معنی	زمانہ	صیغہ	گردان
کَانَ مَا فَعَلَ	نہیں کیا تھا اس ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر غائب	فعل ماضی بعید منفی معروف

كَانَا مَا فَعَلاَ	نہیں کیا تھا ان دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر غائب	فعل ماضی بعید منفی معروف
كَانُوا مَا فَعَلُوا	نہیں کیا تھا ان سب مردوں نے	گذشتہ میں	جمع مذکر غائب	فعل ماضی بعید منفی معروف
كَانَتْ مَا فَعَلَتْ	نہیں کیا تھا اس ایک عورت نے	گذشتہ میں	واحد مؤنث غائب	فعل ماضی بعید منفی معروف
كَانَتَا مَا فَعَلَتَا	نہیں کیا تھا ان دو عورتوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مؤنث غائب	فعل ماضی بعید منفی معروف
كُنَّ مَا فَعَلْنَ	نہیں کیا تھا ان سب عورتوں نے	گذشتہ میں	جمع مؤنث غائب	فعل ماضی بعید منفی معروف
كُنْتَ مَا فَعَلْتَ	نہیں کیا تھا تو ایک مرد نے	گذشتہ میں	واحد مذکر حاضر	فعل ماضی بعید منفی معروف
كُنْتُمَا مَا فَعَلْتُمَا	نہیں کیا تھا تم دو مردوں نے	گذشتہ میں	تثنیہ مذکر حاضر	فعل ماضی بعید منفی معروف
